10 ستمبر،2018

## مالی سال19ء کے ابتدائی دوماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے3.9 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 19ء کے پہلے دو ماہ (جولائی تا اگست ) میں 3966.53 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے، جو اس میں 13.45 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 3496.13 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

اگست 2018ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 2037.33 ملین ڈالر تھی جو جولائی 2018ء کے مقابلے میں5.60 فیصد، اوراگست 2017ء کے مقابلے میں 4.24 فیصد زیادہ ہیں۔ بلحاظ ملک اگست 2018ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں(بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 465.53 ملین ڈالر461.2 ملین ڈالر،316.89 ملین ڈالر،278.84 ملین ڈالر،193.17 ملین ڈالر، اور 59.64 ملین ڈالر، پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ اگست2017ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب511.28 ملین ڈالر،440.38 ملین ڈالر،260.34 ملین ڈالر، 249.14 ملین ڈالر،230.22 ملین ڈالر اور 62.75 ملین ڈالر تھیں۔ اگست 2018ء کے دوران ملائشیا، ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 262.06 ملین ڈالر رہیں جبکہ اگست 2017ء میں ان ملکوں سے 200.35 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

*******